نیا کپڑا پہننے کی دعا

ابو سعید خدری رضی اللہ عنہ کا بیان ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم جب کوئی نیا کپڑا پہنتے تو یہ دعا پڑھتے:

«اللَّهُمَّ لَكَ الْحَمْدُ أَنْتَ كَسَوْتَنِيهِ أَسْأَلُكَ مِنْ خَيْرِهِ وَخَيْرِ مَا صُنِعَ لَهُ، وَأَعُوذُ بِكَ مِنْ شَرِّهِ وَشَرِّ مَا صُنِعَ لَهُ»

"اے اللہ آپ کی تعریف ہے، آپ نے ہی مجھے یہ کپڑا پہنایا ہے، آپ سے ہی اس کی خیر کا سائل ہوں اور حس مقصد سے یہ کپڑا ابنایا گیا ہے اس کی بھی خیر کا سائل ہوں اور اس کے شر سے اور جس کے لئے یہ بنایا گیا ہے اس کے شر سے آپ کی پناہ مانگتا ہوں"۔ (ابو داود و ترمذی)